بسم اللہ الرحمن الرحیم

# آیت کے اختتام پہ گول دائرہ میں {لا} لکھا ہو تو وہاں وقف کرنے کا حکم

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

سوال عرض ہے کہ قرآن مجید میں جہاں آیت ختم ہو اور آیت کے گول دائرہ میں {لا} ہو تو اس میں صحیح طریقہ کیا ہے؟ وقف کریں یا وصل کے ساتھ پڑھیں۔

## جواب

آیت کے اختتام پر جو گول دائرہ ہوتا ہے، اگر اس کے اوپر "لا" لکھا ہو، تو وہاں پر وقف کرنا جائز ہے، البتہ! بغیر وقف کیے ملا کر پڑھنا بہتر ہے۔ اور اگر آیت کے درمیان میں "لا" لکھا ہو، تو پھر ملا کر پڑھنا ہی ضروری ہے، وقف کرنا، ناجائز ہے۔

فیضان تجوید میں ہے "۝ۙ: اسی کو آیتِ لا کہتے ہیں، یہاں وقف قبیح نہیں ہے، بلکہ آیت ہونے کی وجہ سے وقف جائز ہے، البتہ بوجہ محلِ وقف نہ ہونے کے وصل بہتر ہے۔" (فیضان تجوید، ص116، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

اسی میں ہے "لا: یہ "لَاوَقْفَ عَلَیْهِ" کا مُخَفَّف ہے۔ یہ وقف قبیح کی علامت ہے، یہاں ملا کر پڑھنا ضروری ہے کیونکہ ایسی جگہ وقف کرنے سے قباحت لازم آئے گی۔ اسی وجہ سے اس پر وقف ناجائز ہے۔" (فیضان تجوید، ص116، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُه اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا سرفراز عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5297
تاریخ اجراء: 29صفر المظفر 1448ھ/13اگست 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net